Education - FA Part 1 Education Urdu Medium Chapter 8 Short Questions Preparation

Q1. جائزہ کے عمومی معنی کیا ہیں؟

Ans 1: جائزہ کے عمومی معنی جانچ پڑتال کے ہیں.

Q2. درسی کتب سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: درستی کتب دراصل کتابوں کی ہی ایک قسم ہے،تعلیم کے مختلف مدارج میں شامل مضامین کی تعلیم دینے کے لیے مختلف ملک اور معاشرے اپنے نظریات ،سماجی ،تاریخی اور نفسیاتی پش منظر میں ہر مضمون کے لیے علیحدہ علیحدہ نصاب کی تدوین کرتے ہیں.

Q3. تخمین سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: تخمین کے معنی اندازہ لگانا،قیاس کرنا یا عمومی حساب لگانا کے ہیں.استاد پڑھانے کے دوران اپنی تدریس کے تاثر کا اندازہ لگانے کے لیے طلبہ لی دلچسپی پر نظر رکھتا ہے.

Q4. نارمن گرون لنڈ جائزہ کے بارے میں کیا کہتا ہے؟

Ans 1: نارمن گرون لنڈ جائزے کے بارے میں کہتے ہیں کہ : "جائزہ ایک ایسا باقاعدہ طریقہ کار ہے جس میں یہ جاننے کی کوشش کی جاتی ہے کہ طلبہ نے تربیتی مقاصد کس حد تک حاصل کیے".

Q5. کورس کے لفظی معنی کیا ہیں؟

Ans 1: کورس کے لفظی معنی "راستہ" کے ہیں.

Q6. کورس سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: کورس کسی ایک مضمون کی تفصیل ہوتی ہے،دراصل یہ سلیبس میں درج عنوانات کی تفصیل ہوتی ہے جس میں اس امر کا اظہار بھی کیا جاتا ہے کسی ایک عنوان ،کو کتنے ذیلی تصورات کی شمولیت کے ساتھ پڑھایا جائے.

Q7. جائزے میں نصاب کے تمام عناصر پر نظر رکھنا کیوں ضروری ہوتا ہے؟

Ans 1: نصابی جائزے میں نصاب کے تمام عناصر پر نظر رکھنا ہوتی ہے،ہو سکتا ہے کہ مقاصد ایسے ہوں جو طلبہ کی رسائی سے باہر ہوں اور اسی طرح نصاب کے ،دیگر اجزاء بہتر ہونے کے باوجود مقاصد کے حصوم میں معاون ثابت نہ ہوں

Q8. جائزہ طلبا کی گروہ بندی میں اہم کر دار ادا کرتا ہے.بحث کریں.

Ans 1: کسی بھی تعلیمی ادارے کی انتظامی اور تعلیمی امور میں بھی جائزے کا استعمال بہت اہمیت کا حامل ہے.یہ نہ صرف طلبہ کی انفرادی تحصیل و رفتار سے آگاہ کرتاہے بلکہ طلبہ کے دوران تعلیمی تحصیل کے لحاظ سے درجہ بندی کو بھی وضاحت کرتا ہے.

Q9. آزمائش سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: آزمائش سے مراد وہ پیمانہ یا آلہ ہے جس کی مدد سے تعلیمی ماحول میں طلبہ کی مختلف خصوصیات کی پیمائش کرتے ہیں.آزمائش دراصل سوالات کا مجموعہ ہوتی ہے.

Q10. نصابی جائزہ کے رسمی اور غیر رسمی طریقوں میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: نصابی جائزہ لینے کے لیے رسمی اور غیر رسمی طریقے اختیار کیے جاتے ہیں،رسمی طریقے میں طلبہ کی کاگردگی کا جائزہ لینے کے لیے مختلف طریقوں سے امتحان لیا جاتا ہے جو زبانی تحریری یا عملہ طریقوں سے ہو سکتا ہے.اس کے ذریعے طلبہ کی ذہنی صلاحیتوں کو پرکھا جاتا ہے.مختلف سرگرمیوں اور تجربات کے مشاہدے سے طلباء کی کارگردگی کا جائزہ لیا جاتا ہے.